احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

روزنامہ
FD-10 ٹیلی فون نمبر 047-6213029

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

ہفتہ 18/اکتوبر 2008ء 18 شوال 1429 ہجری 18/اخاء 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 238

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

پیشتر کہ عذاب الٰہی آ کر توبہ کا دروازہ بند کردے، توبہ کرو۔ جبکہ دنیا کے قانون سے اس قدر ڈر پیدا ہوتا ہے، تو کیا وجہ ہے کہ خدا تعالیٰ کے قانون سے نہ ڈریں۔ جب بلا سر پر آ پڑے تو اس کا مزا چکھنا ہی پڑتا ہے۔ چاہئے کہ ہر شخص تہجد میں اٹھنے کی کوشش کرے اور پانچ وقت کی نمازوں میں بھی قنوت ملا دیں۔ ہر ایک خدا کو ناراض کرنے والی بات سے توبہ کریں۔ توبہ سے مراد یہ ہے کہ ان تمام بدکاریوں اور خدا کی نارضامندی کے باعثوں کو چھوڑ کر ایک سچی تبدیلی کریں اور آگے قدم رکھیں اور تقویٰ اختیار کریں۔ اس میں بھی خدا کا رحم ہوتا ہے۔ عادات انسانی کو شائستہ کریں۔ غضب نہ ہو۔ تواضع اور انکساری اس کی جگہ لے لے۔ اخلاق کی درستی کے ساتھ اپنے مقدور کے موافق صدقات کا دینا بھی اختیار کرو۔ ....(الدھر:9) یعنی خدا کی رضا کے لئے مسکینوں اور یتیموں اور اسیروں کو کھانا دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ خاص اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے ہم دیتے ہیں اور اس دن سے ہم ڈرتے ہیں جو نہایت ہی ہولناک ہے۔

قصہ مختصر دعا سے، توبہ سے کام لو اور صدقات دیتے رہو۔ تا کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم کے ساتھ تم سے معاملہ کرے۔

(ملفوظات جلد اول ص 134)

دن بہت ہی نازک ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے غضب سے سب کو ڈرنا چاہئے۔ اللہ تعالیٰ کسی کی پرواہ نہیں کرتا، مگر صالح بندوں کی۔ آپس میں اخوت اور محبت کو پیدا کرو اور درندگی اور اختلاف کو چھوڑ دو۔ ہر ایک قسم کے ہزل اور تمسخر سے کنارہ کش ہو جاؤ، کیونکہ تمسخر انسان کے دل کو صداقت سے دور کر کے کہیں کا کہیں پہنچا دیتا ہے۔ آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ عزت سے پیش آؤ۔ ہر ایک اپنے آرام پر اپنے بھائی کے آرام کو ترجیح دیوے۔ اللہ تعالیٰ سے ایک سچی صلح پیدا کر لو اور اس کی اطاعت میں واپس آ جاؤ۔ اللہ تعالیٰ کا غضب زمین پر نازل ہو رہا ہے اور اس سے بچنے والے وہی ہیں جو کامل طور پر اپنے سارے گناہوں سے توبہ کر کے اس کے حضور میں آتے ہیں۔

تم یاد رکھو کہ اگر اللہ تعالیٰ کے فرمان میں تم اپنے تئیں لگاؤ گے اور اس کے دین کی حمایت میں ساعی ہو جاؤ گے۔ تو خدا تمام رکاوٹوں کو دور کردے گا اور تم کامیاب ہو جاؤ گے۔ کیا تم نے نہیں دیکھا کہ کسان عمدہ پودوں کی خاطر کھیت میں سے ناکارہ چیزوں کو اکھاڑ کر پھینک دیتا ہے اور کھیت کو خوشنما درختوں اور بار آور پودوں سے آراستہ کرتا اور ان کی حفاظت کرتا اور ہر ایک ضرر اور نقصان سے ان کو بچاتا ہے، مگر وہ درخت اور پودے جو پھل نہ لاویں اور گلنے اور خشک ہونے لگ جاویں، ان کی مالک پروا نہیں کرتا کہ کوئی مویشی آ کر ان کو کھا جاوے یا کوئی لکڑہارا اُن کو کاٹ کر تنُور میں پھینک دیوے۔ سو ایسا ہی تم بھی یاد رکھو۔ اگر تم اللہ تعالیٰ کے حضور میں صادق ٹھہرو گے، تو کسی کی مخالفت تمہیں تکلیف نہ دے گی۔ پر اگر تم اپنی حالتوں کو درست نہ کرو اور اللہ تعالیٰ سے فرمانبرداری کا ایک سچا عہد نہ باندھو، تو پھر اللہ تعالیٰ کو کسی کی پرواہ نہیں۔ ہزاروں بھیڑیں اور بکریاں ہر روز ذبح ہوتی ہیں۔ پر ان پر کوئی رحم نہیں کرتا اور اگر ایک آدمی مارا جاوے، تو کتنی باز پرس ہوتی ہے۔ سو اگر تم اپنے آپ کو درندوں کی مانند بیکار اور لاپرواہ بناؤ گے، تو تمہارا بھی ایسا ہی حال ہوگا۔ چاہئے کہ تم خدا کے عزیزوں میں شامل ہو جاؤ۔ تا کہ کسی وبا کو یا آفت کو تم پر ہاتھ ڈالنے کی جرأت نہ ہو سکے، کیونکہ کوئی بات اللہ تعالیٰ کی اجازت کے بغیر زمین پر ہو نہیں سکتی۔ ہر ایک آپس کے جھگڑے اور جوش اور عداوت کو درمیان میں سے اٹھا دو کہ اب وہ وقت ہے کہ تم ادنیٰ باتوں سے اعراض کر کے اہم اور عظیم الشان کاموں میں مصروف ہو جاؤ۔

(ملفوظات جلد اول ص174)

رب ارض وسما کی پناہ

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت خالد بن ولیدؓ کو ازالہء بے خوابی کی یہ دعا سکھائی۔

اے اللہ سات آسمانوں اور ان کے زیر سایہ ہر چیز کے رب اور سات زمینوں اور ان کے اوپر جو کچھ آباد ہے اس کے رب اور شیاطین اور ان کے گمراہ کردہ وجودوں کے رب تو اپنی تمام مخلوقات کے شر سے میری پناہ بن جا کہ کوئی مجھ پر زیادتی کرے۔ تیری پناہ عزت والی ہے اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔

(جامع ترمذی کتاب الدعوات حدیث نمبر3445)

تحریک جدید کی تکمیل کیلئے وصیت

❁ تحریک جدید کی غرض وغایت سیدنا حضرت مصلح موعود نے زمین پر خدا تعالیٰ کی بادشاہت کا قیام بیان فرمائی ہے۔ پس مخلصین جماعت کے ازدیاد ایمان کے لئے حضور کا ایک ارشاد جو وصیت کا رنگ رکھتا ہے۔ پیش خدمت کیا جاتا ہے۔ فرمایا

''میں اللہ تعالیٰ پر اس تحریک کی تکمیل کو چھوڑتا ہوں۔ یہ کام اسی کا ہے اور میں صرف اس کا ایک حقیر خادم ہوں۔ لفظ میرے ہیں لیکن حکم اسی کا ہے۔''

اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس ارشاد کو سمجھنے اور مناسب حال قربانیاں پیش کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

(وکیل المال اول)

احمدی ڈاکٹرز کو وقف کی تحریک

❁ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جلسہ سالانہ یوکے 2008ء کے موقع پر اپنے دوسرے روز کے خطاب میں احمدی سپیشلسٹ ڈاکٹر صاحبان کو مجلس نصرت جہاں کے تحت اپنی خدمات وقف کرنے کی تحریک کرتے ہوئے فرمایا:۔

''میں ڈاکٹر صاحبان کو پیغام بھی پہنچانا چاہتا ہوں۔ بلکہ تحریک کرنا چاہتا ہوں کہ جو سپیشلسٹ ڈاکٹرز ہیں، ان کی نصرت جہاں کے ہسپتالوں میں ضرورت ہے اور مختلف ممالک سے مطالبہ آتا رہتا ہے اگر امریکہ برطانیہ یا پاکستان، دوسری جگہوں سے ڈاکٹرز اس کام میں شامل ہوں۔ چاہے وہ عارضی وقف کیلئے جائیں، چند دن وقف کریں، ایک ماہ کیلئے یا چند ہفتے کیلئے، اس کا بھی بڑا فائدہ ہوتا ہے۔ تو اس لحاظ سے بھی سپیشلسٹ ڈاکٹرز جو ہیں وہ اپنے اپنے کوائف اگر بھجوائیں مرکز کو، اس کے مطابق ان کا پروگرام بنایا جا سکتا ہے۔''

ایسے مخلصین سپیشلسٹ جن کو اللہ تعالیٰ حضور انور کے اس ارشاد پر لبیک کہنے کی سعادت عطا فرمائے ان سے درخواست ہے کہ اپنے کوائف درج ذیل ایڈریس پر بھجوا کر ممنون فرمائیں۔

مجلس نصرت جہاں بیت الاظہار، احاطہ دفاتر
صدر انجمن احمدیہ ربوہ فون: 47-6212967
ای میل: majlis.nusrat.jahan@gmail.com
(سیکرٹری مجلس نصرت جہاں ربوہ)

قرآں خدا نما ہے خدا کا کلام ہے بے اس کے معرفت کا چمن ناتمام ہے

حضرت مسیح موعود کے پاکیزہ منظوم کلام درشان سے انتخاب

قرآں کتاب رحماں سکھلائے راہ عرفاں
جو اس کے پڑھنے والے ان پر خدا کے فیضاں
ان پر خدا کی رحمت جو اس پہ لائے ایماں
یہ روز کر مبارک سبحٰن من یرانی

ہے چشمۂ ہدایت جس کو ہو یہ عنایت
یہ ہیں خدا کی باتیں ان سے ملے ولایت
یہ نور دل کو بخشے دل میں کرے سرایت
یہ روز کر مبارک سبحٰن من یرانی

قرآں کو یاد رکھنا پاک اعتقاد رکھنا
فکر معاد رکھنا پاس اپنے زاد رکھنا
اکسیر ہے پیارے صدق و سداد رکھنا
یہ روز کر مبارک سبحٰن من یرانی

بہار جاوداں پیدا ہے اس کی ہر عبارت میں
نہ وہ خوبی چمن میں ہے نہ اس سا کوئی بستاں ہے
کلام پاک یزداں کا کوئی ثانی نہیں ہرگز
اگرلولوئے عماں ہے وگر لعل بدخشاں ہے

اے عزیزو! سنو کہ بے قرآں
حق کو ملتا نہیں کبھی انساں
جن کو اس نور کی خبر ہی نہیں
ان پہ اس یار کی نظر ہی نہیں
ہے یہ فرقاں میں اک عجیب اثر
کہ بناتا ہے عاشق دلبر
اس کے اوصاف کیا کروں میں بیاں
وہ تو دیتا ہے جاں کو اور اک جاں
وہ ہمیں دلستاں تلک لایا
اس کے پانے سے یار کو پایا!

شکر خدائے رحماں جس نے دیا ہے قرآں
غنچے تھے سارے پہلے اب گل کھلا یہی ہے
پہلے صحیفے سارے لوگوں نے جب بگاڑے
دنیا سے وہ سدھارے نوشہ نیا یہی ہے
کہتے ہیں حسن یوسفؑ دلکش بہت تھا لیکن
خوبی و دلبری میں سب سے سوا یہی ہے
دل میں یہی ہے ہر دم تیرا صحیفہ چوموں
قرآں کے گرد گھوموں کعبہ میرا یہی ہے

قرآں خدا نما ہے خدا کا کلام ہے
بے اس کے معرفت کا چمن ناتمام ہے
وہ روشنی جو پاتے ہیں ہم اس کتاب میں
ہو گی نہیں کبھی وہ ہزار آفتاب میں
اس سے ہمارا پاک دل و سینہ ہو گیا
وہ اپنے منہ کا آپ ہی آئینہ ہو گیا

نور فرقاں ہے جو سب نوروں سے اجلیٰ نکلا
پاک وہ جس سے یہ انوار کا دریا نکلا
یا الٰہی! تیرا فرقاں ہے کہ اک عالم ہے
جو ضروری تھا وہ سب اس میں مہیا نکلا
کس سے اس نور کی ممکن ہو جہاں میں تشبیہ
وہ تو ہر بات میں ہر وصف میں یکتا نکلا
پہلے سمجھے تھے کہ موسیٰ کا عصا ہے فرقاں
پھر جو سوچا تو ہر اک لفظ مسیحا نکلا

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا دورہ فرانس (1)

بیت مبارک کا معائنہ و افتتاح، فرانس مشن کی تاریخ اور نومبائعین کو نصائح

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن

8 اکتوبر 2008ء

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز یورپ کے تین ممالک فرانس، ہالینڈ اور جرمنی کے سفر پر روانہ ہونے کے لئے صبح ساڑھے دس بجے اپنی رہائش گاہ سے باہر تشریف لائے۔

لندن سے روانگی

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کو الوداع کہنے کے لئے احباب جماعت مرد وخواتین بیت الفضل لندن کے احاطہ میں جمع تھے۔ حضور انور نے اپنا ہاتھ بلند کر کے سب کو السلام علیکم کہا اور اجتماعی دعا کروائی۔ جس کے بعد قافلہ برطانیہ کی بندرگاہ Dover (Port) کے لئے روانہ ہوا۔ قریباً ایک گھنٹہ پینتیس منٹ میں 109 میل کا سفر طے کرنے کے بعد بارہ بجکر پانچ منٹ پر Dover پہنچے۔ مکرم منصور احمد شاہ صاحب نائب امیر یوکے، مکرم عطاء المجیب راشد صاحب مربی انچارج یوکے اور بعض دیگر جماعتی عہدیداران حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو الوداع کہنے کے لئے قافلہ کے ساتھ آئے تھے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ازراہ شفقت گاڑی سے باہر تشریف لائے اور الوداع کہنے کے لئے ساتھ آنے والے تمام احباب اور خدام کی سکیورٹی ٹیم کو شرف مصافحہ بخشا اور چوہدری ناصر احمد صاحب نائب امیر یوکے سے گفتگو فرمائی اور بعض ہدایات دیں۔

امیگریشن کی کارروائی اور دیگر سفری امور کی تکمیل کے بعد بارہ بجکر پینتیس منٹ پر P&O Ferries (Pride of Caues) میں سوار ہوئے۔

فیری ٹھیک اپنے وقت پر ایک بجے Dover سے فرانس کی بندرگاہ Calais کے لئے روانہ ہوئی۔ آج مطلع صاف تھا دھوپ نکلی ہوئی تھی اور سمندر پُرسکون تھا۔ ایک گھنٹہ دس منٹ کے سفر کے بعد فرانس کے مقامی وقت کے مطابق تین بجکر دس منٹ پر فیری Calais پہنچی۔ (فرانس اور برطانیہ کے وقت میں ایک گھنٹہ کا فرق ہے۔ فرانس کا وقت برطانیہ سے ایک گھنٹہ آگے ہے)۔ فیری کے سفر کے دوران حضور انور نے ایڈیشنل وکیل المال صاحب لندن کو بلا کر موجودہ بینک کرائسز اور جماعتی مالی امور سے متعلق ہدایات دیں۔ Calais سے پیرس (Paris) کا فاصلہ 278 کلومیٹر ہے۔

پہلے سے طے شدہ پروگرام کے مطابق کیلے (Calais) سے 20 کلومیٹر کے سفر کے بعد جماعت فرانس نے مین ہائی وے پر ایک ریسٹورنٹ Boutique میں دوپہر کے کھانے اور نماز ظہر وعصر کی ادائیگی کا انتظام کیا ہوا تھا۔

تین بجکر چالیس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز جب اس جگہ پہنچے تو امیر صاحب فرانس نے اپنی عاملہ کے بعض ممبران کے ساتھ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو خوش آمدید کہا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ازراہ شفقت سبھی احباب کو شرف مصافحہ سے نوازا۔

ریسٹورنٹ کے بیرونی کھلے لان میں ایک چھوٹی مارکی لگا کر نمازوں کی ادائیگی کا انتظام کیا گیا تھا۔ دوپہر کے کھانے کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اس مارکی میں تشریف لا کر نماز ظہر وعصر جمع کر کے پڑھائی۔

مطلع صاف ہونے کی وجہ سے اس جگہ سے بھی برطانیہ کی پورٹ Dover کی پہاڑیاں نظر آ رہی تھیں۔ امیر صاحب فرانس نے جب اس کا ذکر کیا تو حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ Dover کی سفید پہاڑیاں نظر آ رہی ہیں۔

قافلہ کی چار گاڑیوں میں سے ایک گاڑی ڈاکٹر مومن جدران صاحب کی تھی جو نئے ماڈل کی مرسڈیز بینز جیپ ہے۔ حضور انور ازراہ شفقت کچھ دیر کے لئے اس گاڑی کی ڈرائیونگ سیٹ پر تشریف فرما ہوئے اور ڈاکٹر صاحب سے اس گاڑی میں موجود مختلف سہولیات کے بارہ میں دریافت فرمایا۔

بیت السلام میں آمد

بعد ازاں پونے پانچ بجے یہاں سے پیرس (Paris) کے لئے روانگی ہوئی۔ یہاں سے پیرس کا فاصلہ 258 کلومیٹر تھا۔ قریباً اڑھائی گھنٹے کے سفر کے بعد سوا سات بجے شام حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا پیرس (فرانس) کے مشن ہاؤس ’’بیت السلام‘‘ میں ورود مسعود ہوا۔ جہاں احباب جماعت فرانس مرد وخواتین اور بچے بڑی تعداد میں اپنے آقا کے استقبال کے لئے موجود تھے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ اپنے رہائشی حصہ سے ہو کر احباب جماعت کے پاس تشریف لائے اور اپنا ہاتھ بلند کر کے سب کو السلام علیکم کہا۔ ایک بچے نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی خدمت میں پھول پیش کئے۔ احباب نے نعرے بلند کئے۔ حضور انور اپنے ان عشاق کے درمیان سے گزرتے ہوئے مشن کے اس احاطہ میں تشریف لے گئے جہاں خواتین حضور انور کے دیدار کی منتظر تھیں اور بچیاں کورس کی شکل میں استقبالیہ گیت پڑھ رہی تھیں۔ حضور انور کچھ دیر بچیوں کے پاس کھڑے رہے۔ خواتین نے شرف زیارت حاصل کیا۔

بیت مبارک کا معائنہ

بعدازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرانس کے مشن ہاؤس بیت السلام کے احاطہ میں جماعت احمدیہ فرانس کی نئی تعمیر ہونے والی احمدیہ بیت مبارک کا معائنہ فرمایا۔ یہ سرزمین فرانس میں جماعت کی پہلی بیت ہے۔ خصوصی طور پر اس تاریخی بیت کے افتتاح کے لئے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرانس کا یہ سفر اختیار فرمایا ہے۔

معائنہ کے دوران بیت کے مینار کے تعلق میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے امیر صاحب فرانس کو ہدایات دیں۔ بعض قانونی مجبوریوں کی وجہ سے ابھی یہ مینار بیت کے صحن میں نصب کیا گیا ہے اور ابھی اس مینار کی اونچائی بیت کی اونچائی سے کم ہے۔ اجازت ملنے کے ساتھ اس کو بیت کی اونچائی سے بلند کیا جائے گا۔

بیت کے محراب کے تعلق میں بھی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ہدایات دیں۔ بیت کے بائیں طرف لجنہ کے لئے نماز کا ہال ہے۔ اس طرح مجموعی طور پر چارصد کے لگ بھگ افراد نماز ادا کر سکتے ہیں۔ یہ ساری بیت Air Conditioned ہے اور اس میں اٹلی سے منگوائے گئے Air Pumps استعمال کئے گئے ہیں جو کہ عمارت کو سردیوں میں گرم اور گرمیوں میں ٹھنڈا رکھتے ہیں۔ بیت کا بیرونی صحن ٹائلز کے دیدہ زیب استعمال کے ساتھ پختہ بنایا گیا ہے۔

بیت کی تعمیر

اس بیت کی تعمیر کا کام جنوری 2007ء میں شروع ہوا۔ سنگ بنیاد میں سب سے پہلے وہ اینٹ نصب کی گئی جس پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے دعا کی ہوئی تھی۔ مرکزی نمائندہ عبدالماجد صاحب طاہر ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن نے یہ بنیادی اینٹ رکھی تھی۔ قریباً ڈیڑھ سال کے عرصہ میں اس بیت کی تعمیر مکمل ہوئی۔ یہ بیت بہت خوبصورت تعمیر ہوئی ہے اس کی تعمیر پر تین لاکھ بیس ہزار یورو سے زائد کی لاگت آئی ہے۔ اس جگہ تعمیر شدہ سابقہ ہال گرانے اور اس کا ملبہ اٹھانے اور نئی بیت کی تعمیر کا اندازہ خرچ ایک ملین یورو کے لگ بھگ تھا۔ خدام، انصار، لجنہ اور بچوں نے دن رات محنت کر کے قریباً چھ لاکھ یورو کی رقم بچائی ہے۔

احباب کی قربانیاں

اللہ تعالیٰ کے فضل سے احباب جماعت بیت کی تعمیر کے تمام مراحل میں لگاتار وقار عمل میں حصہ لیتے رہے ہیں اور ذیلی تنظیموں انصاراللہ، خدام الاحمدیہ، لجنہ اماء اللہ نیز ناصرات الاحمدیہ اور اطفال الاحمدیہ نے وقار عمل میں بھرپور حصہ لیا ہے۔

اس بیت کی تعمیر کے لئے احباب جماعت فرانس نے غیر معمولی مالی قربانی پیش کرنے کی توفیق پائی ہے۔ پاکستان سے تعلق رکھنے والی فیملیز کے علاوہ دوسری مختلف قوموں کے احباب اور فیملیز نے بھی مالی قربانی میں نمایاں طور پر حصہ لیا ہے۔

ایک فرینکوفون فیملی نے اپنے سارے خاندانی زیور بیت کی تعمیر کے لئے پیش کر دیئے۔ الجزائر کے ایک احمدی دوست نے گاڑی کی خرید کے لئے رقم جمع کی تھی انہوں نے یہ ساری رقم بیت فنڈ میں دے دی۔

بچوں نے اپنی عیدی کی رقمیں بیت فنڈ میں جمع کروا دیں۔ اسی طرح بیت کی تعمیر کے لئے قربانیوں کا یہ سلسلہ جاری رہا۔

بیت میں MTA کے لئے علیحدہ سٹوڈیو (Studio) بھی بنایا گیا ہے اور باتھ روم، بیوت الخلاء اور وضو کرنے کے انتظامات اور دیگر سہولیات بھی موجود ہیں۔ بیت کے اندر قدرتی روشنی کو پہنچانے کا انتظام بھی بہت عمدہ رنگ میں کیا گیا ہے۔ بیت کے فرش پر دو رنگوں پر مشتمل نرم قالین اس طور پر بچھایا گیا ہے کہ ہر صف علیحدہ علیحدہ نظر آتی ہے۔

بیت کے معائنہ کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے بیت مبارک میں تشریف لا کر نماز مغرب وعشاء جمع کر کے پڑھائیں۔

کچن اور سٹور کا معائنہ

نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مشن ہاؤس بیت السلام کے احاطہ میں موجود کچن، سٹور اور ڈائننگ ہال کا معائنہ فرمایا۔ کچن کے کارکنان آلو گوشت کا سالن پکا رہے تھے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ایک بوٹی نکال کر چیک کی کہ گوشت صحیح طور پر گلا ہوا ہے۔ کچن کے ساتھ ہی سٹور ہے جہاں اجناس اور کھانے پینے کا سامان رکھا گیا ہے۔ پھر ساتھ ہی ڈائننگ ہال ہے جہاں احباب کو کھانا کھلانے کا انتظام کیا گیا ہے۔ یہ سارا حصہ نیا تعمیر ہوا ہے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اس کی تعمیر

سے متعلق امیر صاحب فرانس سے بعض امور دریافت فرمائے اور ہدایات سے نوازا۔

بعدازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پرتشریف لے گئے۔

فرانس میں احمدیت کا آغاز

فرانس میں احمدیت کے نفوذ کی تاریخ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے مبارک دور اور سرزمین فرانس پر آپ کے بابرکت قدم پڑنے سے شروع ہوتی ہے۔

حضرت مصلح موعود اکتوبر 1924ء میں اپنا لندن (برطانیہ) کا سفر مکمل کرنے کے بعد 26/اکتوبر 1924ء کو پیرس (فرانس) پہنچے اور اسی روز حضور نے اپنے وفد کے ممبران کے ساتھ ایک مجلس مشاورت منعقد فرمائی اور فیصلہ فرمایا کہ پیرس کے صحافیوں، مشرقی دنیا پر لکھنے والے مصنفوں، سیاسی لیڈروں اور غیرملکی سفیروں کو پیغام احمدیت پہنچانے کے لئے تین پارٹیاں سرگرم عمل ہو جائیں۔ اگرچہ وقت مختصر تھا اور زبان کی ناواقفی بہت بڑی سدراہ تھی۔ مگر چونکہ قیام فرانس کا ایک بنیادی مقصد یہ بھی تھا کہ احمدیت کی آواز بہرکیف پیرس کے مختلف حلقوں تک پہنچائی جائے اس لئے انتہائی کوشش کی گئی کہ دعوت الی اللہ کا کوئی موقع ہاتھ سے نہ جانے دیا جائے۔

چنانچہ حضرت مصلح موعود کی راہنمائی میں حضرت صاحبزادہ مرزا شریف احمد صاحب اور حضرت شیخ یعقوب علی صاحب عرفانی نے اخبار نویسوں سے رابطے کئے۔ حضرت حافظ روشن علی صاحب چوہدری محمد شریف صاحب اور مولوی عبدالرحمٰن صاحب نے مشرقی مصنفین اور مشرقی ممالک کے سفراء سے رابطے کئے اور حضرت خان ذوالفقار علی خان صاحب اور حضرت چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب نے انگریزی اور مغربی سفیروں سے ملاقاتیں کیں۔

خود حضرت مصلح موعود نے قیام پیرس کے دوران مسٹر گوسٹن ڈیورنڈ (نمائندہ Haver ایجنسی)، پرنس آف ویلز کی ایک رجمنٹ کے کپتان لارڈ کریو پرٹس مسٹر پیرس اور ایڈیٹر ''لی جرنل'' کو شرف ملاقات بخشا۔

حکومت فرانس ان دنوں ایک عالی شان اور خوشنما بیت تعمیر کرا رہی تھی۔ حضرت مصلح موعود مع خدام 29/اکتوبر 1924ء کو بوقت اڑھائی بجے اس بیت کو دیکھنے تشریف لے گئے۔ دروازہ پر ناظم نے بہت سے مؤقر مسلمانوں کے ساتھ حضور کا استقبال کیا اور زیر تعمیر بیت کے تمام حصے دکھائے۔ یہ بیت مراکشی طرز پر تعمیر ہو رہی تھی۔

بیت کے محراب میں حضور نے کھڑے ہو کر اپنے وفد کے ساتھ ایک لمبی دعا کی۔ بلکہ حضور سب سے پہلے شخص تھے جنہوں نے اس بیت میں دعا کی اور فرمایا۔

''میں نے تو یہی دعا کی ہے کہ یا اللہ یہ بیت ہم کو ملے اور ہم اس کو تیرے دین کی اشاعت کا ذریعہ بنانے کی توفیق پائیں''۔

حضرت مصلح موعود کا قیام پیرس میں 31/اکتوبر تک رہا۔

فرانس کی سرزمین پر احمدیت کے نفوذ کی یہ نہایت مبارک اور غیرمعمولی برکتوں اور فتوحات کی حامل ابتداء تھی۔

مشن کا قیام

پھر دوسری جنگ عظیم کے بعد مئی 1946ء میں حضرت مصلح موعود کے ارشاد پر ملک عطاء الرحمٰن صاحب مرحوم بطور مربی فرانس تشریف لائے اور پانچ سال تک فرانس میں دعوت الی اللہ کا فریضہ سرانجام دیتے رہے۔

Madame Margaerite Demagany وہ پہلی تعلیم یافتہ خاتون تھیں جنہیں فرانس میں قبول حق کی توفیق ملی۔ حضرت مصلح موعود نے ان کا نام عائشہ رکھا۔

ملک عطاء الرحمٰن صاحب نومبر 1951ء کو واپس مرکز تشریف لے آئے جس کے بعد فرانس کا مشن بند ہو گیا۔

1973ء میں کچھ احمدی خاندان فرانس میں آ کر آباد ہوئے۔ 13 جنوری 1981ء کو فرانس میں باقاعدہ جماعت رجسٹرڈ ہوئی۔

1985ء میں مشن ہاؤس کی موجودہ عمارت خریدی گئی۔ 13/اکتوبر 1985ء کو حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ نے احمدیہ مشن ہاؤس فرانس بیت السلام کا افتتاح فرمایا۔

سال 2003ء میں جماعت احمدیہ فرانس کو مشن ہاؤس سے ملحقہ ایک رہائشی عمارت خریدنے کی توفیق ملی۔

جماعت احمدیہ فرانس کا جو پہلا مشن ہاؤس 1985ء میں خریدا گیا تھا۔ اب اللہ تعالیٰ کے فضل سے خلافت خامسہ کے دور مبارک میں دو مزید رہائشی عمارات، نئی بیت کی تعمیر اور لجنہ کا ہال ان سب کو شامل کر کے سابقہ مشن ہاؤس میں تین گنا اضافہ ہو چکا ہے۔

جماعت احمدیہ فرانس کے تازہ کوائف

فرانس کی سرزمین کو یہ سعادت حاصل ہے کہ یہاں چار خلفائے مسیح موعود کے مبارک قدم پڑے ہیں اور اس زمین نے بہت دعائیں لی ہیں اور برکتیں حاصل کی ہیں۔

فرانس کا یہی ملک جہاں 1924ء میں احمدیت کا پیغام پہنچانے کا آغاز ہوا۔ آج اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس ملک کے 22 شہروں میں احمدیت کا نفوذ ہو چکا ہے اور 13 مضبوط، فعال اور مستحکم جماعتیں قائم ہو چکی ہیں اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے درج ذیل 33 مختلف اقوام کے لوگ احمدیت میں داخل ہو چکے ہیں۔

الجزائر، بنگلہ دیش، بینن، آئیوری کوسٹ، سموروز، کانگو، مصر، غانا، گنی (کوناکری)، انڈیا، لاؤس (Laos)، مالی، مراکش، جزیرہ Martnique، ماریشس، موریطانیہ، نائیجر (Niger)، پاکستان، Reunion Island، سینیگال، شام (Syria)، ٹوگو (Togo)، کانگو (کنشاسا)، تیونس، ترکی، مڈغاسکر، Kosovo، برطانیہ، سنگاپور، فلپائن، لکسمبرگ، فرانس، گیانا۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت کی تعداد میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے اور مختلف قوموں سے جماعت میں آنے والے دوست بہت مخلص اور فدائی احمدی ہیں۔ جس کا اندازہ اس سے لگایا جاسکتا ہے کہ فرانس جماعت کی نیشنل مجلس عاملہ کے 23 ممبران میں سے صرف چار پاکستانی احباب ہیں اور انیس کا تعلق دیگر اقوام سے ہے۔ نہ صرف فرانس میں جماعت بڑھ رہی ہے بلکہ جماعت فرانس کو گزشتہ پانچ چھ سالوں میں آٹھ ممالک Monaco، Andora، Haiti، French Guyana، Martnique، St. Martin، Palau، Guadeloup میں احمدیت کو قائم کرنے کی توفیق ملی ہے۔

میڈیا کوریج

آج اللہ تعالیٰ کے فضل سے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی احمدیہ مشن ہاؤس بیت السلام آمد سے قبل فرانس کے دو مشہور ریڈیو سٹیشن French Info اور France Blue کے نمائندے مشن ہاؤس پہنچے اور بیت کے بارہ میں انٹرویو ریکارڈ کئے۔ اسی طرح فرانس کے ہفتہ وار میگزین L'Express نے اپنی 9 تا 15/اکتوبر 2008ء کی اشاعت میں صفحہ 24 پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی تصویر کے ساتھ یہ خبر شائع کی۔

''ایک نئی (بیت)''

فرانس میں احمدیوں کی پہلی (بیت) اس میں تین صد افراد کی گنجائش ہے۔ جس کا افتتاح Saint Prix (Val-Doise) میں ان کے روحانی راہنما کی موجودگی میں ہوگا۔

حضرت مرزا مسرور احمد صاحب کا تعلق پاکستان سے ہے اور احمدیت ایک امن پسند فرقہ ہے اور دنیا میں ان کی تعداد دس ملین ہے اور اس فرقہ کے افراد پاکستان، بنگلہ دیش اور انڈونیشیا میں Persecution کا شکار ہو رہے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی آمد کے ساتھ ہی کامیابیوں کے دروازے کھل رہے ہیں اور پریس اور میڈیا کی جماعت کی طرف توجہ بڑھ رہی ہے۔ الحمدللہ

9/اکتوبر 2008ء

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت مبارک میں تشریف لا کر نماز فجر پڑھائی۔ نماز کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ اپنی رہائش گاہ پرتشریف لے گئے۔

صبح حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ مختلف دفتری امور کی انجام دہی میں مصروف رہے۔

دو بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت مبارک میں تشریف لا کر ظہر و عصر کی نمازیں جمع کر کے پڑھائیں۔

اعلان نکاح

بعدازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی اجازت سے نصیر احمد شاہد صاحب مربی فرانس نے ایک نکاح کا اعلان فرمایا۔ یہ نکاح عزیزہ ناصرہ کاہلوں صاحبہ بنت محمد اصغر کاہلوں صاحب فرانس کا عزیزم عبدالجبار بن ریاض احمد صاحب جرمنی سے طے پایا تھا۔ اعلان نکاح کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے دعا کروائی اور فریقین کو شرف مصافحہ بخشا۔ بعدازاں حضور انور اپنی رہائش گاہ پرتشریف لے گئے۔

پچھلے پہر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ڈاک ملاحظہ فرمائی اور ہدایات سے نوازا اور مختلف دفتری امور کی انجام دہی میں مصروفیت رہی۔

ساڑھے سات بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے بیت مبارک تشریف لا کر نماز مغرب وعشاء جمع کر کے پڑھائی۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد تقریب آمین ہوئی پانچ بچے اور چار بچیاں اس میں شامل ہوئیں۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ہر بچے اور بچی سے قرآن کریم کا کچھ حصہ سنا اور آخر پر دعا کروائی۔

تقریب بیعت

تقریب آمین کے بعد بیعت کی تقریب ہوئی جس میں الجزائر اور مالی (Mali) کے دو افراد نے بیعت کی سعادت حاصل کی۔ ان دو کے علاوہ اس سال احمدیت میں شامل ہونے والے مالی، الجزائر، مراکش فرانس اور نائیجیریا کے 16 احباب بھی شامل ہوئے اور ان سب نے بھی حضور انور کے دست مبارک پر بیعت کی سعادت حاصل کی۔

احمدی کیسے ہوئے

بیعت کی تقریب کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے الجزائر کے نومبائع دوست سے دریافت فرمایا کہ آپ کس طرح احمدی ہوئے ہیں۔ موصوف نے بتایا کہ انہوں نے الجزائر میں MTA دیکھنا شروع کیا۔ ایسا اتفاق ہوا کہ چھوٹی بیٹی بیمار ہوئی تو اس کو علاج کے لئے فرانس لے کر آئے۔ پروگرام یہ تھا کہ ایک ہفتہ میں آپریشن کے بعد واپس چلے جانا تھا۔ اس دوران میرے ذہن میں آیا کہ ہوسکتا ہے کہ فرانس میں جماعت احمدیہ کا مرکز ہو۔ کیونکہ الجزائر میں کوئی رابطہ نہیں ہوا تھا۔ چنانچہ میں نے ٹیلیفون کے محکمہ سے رابطہ کر کے جماعت کے سنٹر کا نمبر لیا اور یہاں فون کیا پھر میں جمعہ پر آیا۔ جمعہ پڑھا احباب سے میرا رابطہ ہوا۔

بہت خوشی ہوئی۔ دوسری طرف بیٹی کا آپریشن لیٹ ہو گیا۔ بیٹی کا آپریشن لیٹ ہونا بھی خدا کی طرف سے تھا۔ یہاں مزید قیام ہوا اور مجھے معلوم ہوا کہ حضور انور فرانس آرہے ہیں۔ تو میں نے عہد کرلیا کہ حضور کے دست مبارک پر بیعت کروں گا اور آج میں بیعت کرکے احمدیت میں داخل ہو رہا ہوں۔

آج احمدیت میں داخل ہونے والے دوسرے دوست Mali کے تھے حضور انور نے ان سے دریافت فرمایا کہ آپ کس طرح احمدی ہوئے۔ آپ نے کیا دیکھا؟

انہوں نے بتایا کہ میں نے MTA پر الحوار المباشر کے پروگرام دیکھے ہیں۔ مصطفیٰ ثابت صاحب اور ہانی طاہر صاحب کے پروگرام ایک عرصے سے سن رہا تھا۔ MTA پر قرآن کریم کی جو تفسیر پیش کی جارہی تھی اس میں اور دوسری تفاسیر میں زمین و آسمان کا فرق تھا۔ یہ تفسیر میرے دل پر گہرا اثر کررہی تھی۔ باوجود اس کے کہ میرے بہن بھائیوں اور عزیز واقارب نے میری بہت مخالفت کی۔ میں نے پیرس میں احمدیہ مشن سے رابطہ قائم کیا اور یہاں آتا رہا۔ مجھے علم ہوا کہ حضور انور فرانس آرہے ہیں تو میں نے فیصلہ کرلیا کہ حضور کے ہاتھ پر بیعت کرکے احمدیت میں شامل ہوں گا۔ الحمد للہ کہ اب میں بیعت کرکے احمدیت میں شامل ہو چکا ہوں۔

بیعت کرنے والوں میں سے ایک اور دوست سے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے دریافت فرمایا کہ آپ کس بات کو دیکھ کر احمدی ہوئے تھے۔ اس پر موصوف نے بتایا کہ میں نے شام (Syria) کے ایک دوست سے جماعت کے بارہ میں سنا، انٹرنیٹ پر جماعت کی ویب سائٹ دیکھی۔ MTA بھی دیکھا میں شروع میں جماعت کا مخالف ہوگیا اور جماعت سے دور چلا گیا۔ لیکن میری بیوی احمدی ہوگئی اور اس نے بیعت کرلی۔ میری بیوی نے حضور انور کی خدمت میں میری ہدایت کے لئے خطوط لکھے اور دعا کی درخواست کی۔ حضور انور کی دعا کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ نے مجھے بھی قبول احمدیت کی توفیق عطا فرمائی۔

بیعت کی تقریب کے دوران، جب حضور انور بیعت لے رہے تھے یہ سبھی نومبائعین مسلسل رو رہے تھے۔ بیت میں ڈیڑھ صد سے مختلف قوموں سے تعلق رکھنے والے احباب موجود تھے۔ سبھی اپنے جذبات پر قابو نہ رکھ سکے تھے اور دعا کے دوران سسکیاں لے کر روتے رہے۔ یوں لگتا تھا کہ یہ نومبائع نہیں ہیں بلکہ پیدائشی احمدی ہیں اور اپنے پیارے آقا پر اپنا سب کچھ نثار اور فدا کئے بیٹھے ہیں۔

بیعت کے بعد ان نومبائعین نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ سے مصافحہ کا شرف حاصل کیا۔

بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بیت مبارک سے باہر تشریف لے آئے اور بیت کے ساتھ تعمیر ہونے والے باتھ روم اور وضو کی جگہوں کا معائنہ فرمایا اور پھر کچھ دیر کے لئے لنگر خانہ میں تشریف لے گئے۔ جہاں شام کے کھانے کے لئے آلو گوشت کا سالن پکایا گیا تھا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے دیگ سے ایک بوٹی اور آلو نکالا اور کھانے پکانے والے کارکن سے کہا کہ اسے توڑو۔ حضور انور نے فرمایا دونوں چیزیں اچھی طرح گلی ہوئی ہیں۔ سالن اچھا پکا ہے۔

نومبائعین سے ملاقات

بعد ازاں پروگرام کے مطابق حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بیت سے ملحقہ مارکی میں تشریف لے آئے۔ جہاں فرانس میں بیعت کرنے والے مختلف قوموں کے احباب مرد و خواتین سے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی ملاقات کا پروگرام رکھا گیا تھا۔

مارکی میں حضور انور کے سامنے مرد احباب بیٹھے تھے جبکہ پردہ کے پیچھے خواتین بیٹھی ہوئی تھیں۔ مجموعی طور پر 22 مختلف اقوام سے تعلق رکھنے والے 145 غیر ملکی مرد و خواتین اس پروگرام میں شامل ہوئے۔

اپنے پیارے آقا سے ملاقات کی خواہش لئے ہوئے بعض احباب ایک ہزار کلومیٹر سے زائد کا سفر دو دن میں طے کرکے پہنچے۔ ایک شخص جو ہزار کلومیٹر کا فاصلہ طے کرکے آیا اس کے پاس کرایہ کی رقم نہیں تھی۔ اس نے امیر صاحب سے کہا کہ میں نے بہر صورت حضور انور سے ملاقات کرنی ہے اور اس پروگرام میں شامل ہونا ہے۔ میں مختلف لوگوں سے لفٹ لے کر آجاتا ہوں۔ چنانچہ یہ فدائی دوست مختلف سفر کرنے والوں سے لفٹ لیتے ہوئے اور رات بھر کا سفر کرتے ہوئے اگلے دن دوپہر کو مشن ہاؤس پہنچے۔ ملاقات کی اس تقریب میں شامل ہوئے اور حضور انور سے شرف مصافحہ حاصل کیا۔ حضور انور کے گلے لگے اور پھر رات بھر اتنا ہی لمبا سفر طے کرکے واپس گئے۔ کیونکہ اگلے روز ان کو ملازمت سے رخصت نہ مل سکی تھی۔

غرض تمام غیر ملکی احمدی احباب بڑی محبت اور فدائیت کے جذبہ کے ساتھ اس مجلس میں شامل ہوئے۔

آٹھ بجکر دس منٹ پر ملاقات کے اس پروگرام کا آغاز ہوا۔ حضور انور نے سب کو السلام علیکم کہا اور سب کا حال دریافت فرمایا۔

حضور انور نے فرمایا الحمد للہ کہ نومبائعین کی تعداد بڑھ رہی ہے۔ ان احباب میں سے اب بعض احباب نومبائع نہیں رہے بلکہ پرانے احمدی ہو چکے ہیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ پرانے احمدی ہونے کا یہ مطلب نہیں کہ بعض ان لوگوں کے پیچھے چلنے لگ جائیں جن کو جماعت کی اور احمدیت کی صحیح تعلیم کا پتہ نہیں صرف احمدی ہونا ہی کافی سمجھتے ہیں۔ ایسے لوگ بھی ہوں گے جو صحیح طرح دین سے واقفیت نہیں رکھتے۔ آپ لوگوں کا کام ہے دین میں ترقی کرنا کیونکہ نئی بیعت کے بعد، نئے جذبے کے ساتھ اور ایک نئے عہد کے ساتھ آپ داخل ہوئے ہیں۔ اب اپنے اس جذبہ کو قائم رکھنا ہے اور اس کو آگے بڑھانا ہے۔ آپ لوگ بعد میں آنے والے ہونے کے باوجود سبقت لے جانے والے اور آگے نکلنے والے ہوں۔

حضور انور نے فرمایا یہ میں نے اس لئے کہا ہے کہ بعض احمدی، نئے احمدی مجھے خطوط لکھتے ہیں، شکایات لکھتے ہیں کہ فلاں احمدی، پرانا احمدی ہے اس کا عمل صحیح نہیں ہے۔ تو اچھے اور برے لوگ تو ہر جگہ ہوتے ہیں۔ آپ نے بیعت کی ہے۔ ان لوگوں کی خاطر نہیں کی۔ بلکہ دین کو سمجھتے ہوئے کی ہے اور آنے والے مہدی کی طرف سلام پہنچایا ہے اور اس کی جماعت میں شامل ہوئے ہیں۔

حضور انور نے فرمایا اللہ تعالیٰ ان لوگوں کی مدد کرتا ہے جو حقیقی طور پر اس کے ہوتے ہیں۔ اس کی کسی سے رشتہ داری نہیں ہے۔ اگر آپ لوگ دین میں بڑھیں گے۔ علم میں بڑھیں گے۔ اللہ تعالیٰ کی معرفت میں بڑھیں گے تو انشاء اللہ ہوسکتا ہے کہ آپ آئندہ جماعت کو سنبھالنے والے ہوں بلکہ مجھے امید ہے آپ میں سے بہت سے چہرے ایسے ہیں جو اس قابل ہیں کہ انشاء اللہ احمدیت کی ترقی کے لئے کافی مفید کردار ادا کرنے والے بنیں گے۔

حضور انور نے فرمایا آپ میں سے بہت سارے یہاں افریقہ سے تعلق رکھنے والے ہیں۔ بعض عربی بولنے والے بھی افریقہ کے ممالک سے تعلق رکھتے ہیں۔ میں نے کچھ عرصہ افریقہ میں گزارا ہے۔ اب بھی وہاں دورے کرتا رہا ہوں۔ وہاں اللہ تعالیٰ کے فضل سے بعد میں آنے والے جو ہیں احمدی، بیعت کرکے شامل ہونے والے اپنے اخلاص میں بڑھ گئے ہیں۔ یوں لگتا ہے جیسے وہ پیدا ہی احمدی ہوئے تھے اور علم اور معرفت میں بھی ترقی کر رہے ہیں۔ ان کا احمدیت کے لئے اور خلافت کے لئے اخلاص و وفا دیکھ کر ان پر رشک آتا ہے۔ دعاؤں اور نمازوں میں بھی وہ خدا تعالیٰ کے فضل سے حالانکہ بہت سارے ان میں سے عیسائیت سے احمدیت قبول کرنے والے ہیں۔ آگے بڑھتے چلے جارہے ہیں اور یہی اخلاص و وفا ان کی ترقی کا بھی باعث بن رہا ہے۔

حضور انور نے فرمایا آپ لوگوں نے گو یہاں آکر اسائیلم لیا یا Migrate ہوگئے لیکن اپنی جو پچھلی جڑیں ہیں ان کو نہ بھولیں اور آپ کے جو عزیز اور رشتہ دار ہیں ان کو بھی کسی طریقے سے احمدیت کا پیغام پہنچاتے رہیں۔ کیونکہ اب یہ آپ کی ذمہ داری ہے کہ اپنے علاقے کے لوگوں کو اس تحفے کو پہنچائیں۔ جس کو آپ نے اچھا سمجھ کر قبول کیا اور اب یہ آپ سب کی ذمہ داری ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اس کی توفیق عطا فرمائے۔ خود بھی اخلاص اور ایمان میں بڑھیں اور اس پیغام کو بھی اپنے لوگوں تک پہنچائیں۔

بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا اور کوئی بات کسی نے کہنی ہے۔ اس پر نائیجر کے ایک دوست نے بتایا کہ میری ہمشیرہ نے احمدیت قبول کی ہے وہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ سے ملاقات کرنا چاہتی ہے۔ حضور انور نے فرمایا کل جمعہ کے بعد شام کو وقت لے لیں۔

مراکش کے ایک دوست نے عرض کی کہ میں حضور انور سے ہاتھ ملانا چاہتا ہوں۔ حضور انور نے فرمایا اس پروگرام کے بعد آپ سب سے ہاتھ ملاؤں گا۔ حضور انور نے اس نومبائع دوست سے دریافت فرمایا کہ آپ فرانس میں اس جگہ کے رہنے والے ہیں جہاں مسلمان سپین سے پہلی مرتبہ فرانس میں داخل ہوئے تھے اور پھر وہاں سے واپس چلے گئے تھے۔ جس پر اس نے بتایا کہ میں اسی جگہ کا رہنے والا ہوں۔

ملک بینن کے ایک باشندے نے عرض کیا کہ میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کو ٹورانٹو (کینیڈا) میں ملا تھا اور پھر کیلگری بیت کے افتتاح کے موقع پر بھی گیا تھا۔ حضور انور نے فرمایا آپ وہی ہیں جو پیس ولیج میں سیر کے دوران ملے تھے۔ جس پر اس نے کہا کہ میں وہی ہوں اور مجھے وہاں بڑا لطف آیا تھا۔ حضور انور نے دریافت فرمایا کہ یہاں کیا کر رہے ہو اور یہاں قیام کا سٹیٹس کیا ہے جس پر موصوف نے عرض کیا کہ یہاں کا سٹیزن ہوں۔ حضور انور نے فرمایا آپ نے وہاں کیلگری کی بیت دیکھی ہے اب یہاں فرانس میں بھی ایسی ہی بیت تعمیر کریں۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا غانا میں بہت سے ایسے احمدی ہیں جنہوں نے اپنے ذاتی خرچ سے اس فرانس کی بیت سے بڑی بیوت تعمیر کروائی ہیں۔ حضور انور نے فرمایا ایک دن آپ بھی کریں گے۔ جس پر موصوف نے عرض کی۔ انشاء اللہ۔

الجزائر کے ایک نومبائع دوست نے عرض کی کہ حضور میرا بیٹا بیمار ہے میں اس کی تصویر حضور انور کو دینا چاہتا ہوں اور اس کے لئے دعا کی درخواست کرنا چاہتا ہوں۔ اس دوست نے اسی وقت حضور انور کو اپنے بیٹے کی تصویر دی۔ حضور انور نے اس بچے کے لئے دعا کی۔

ایک الجیرین نو احمدی نے عرض کیا کہ الجیریا میں آجکل بڑے نامساعد حالات میں ہیں، لڑائی ہے، خانہ جنگی کی کیفیت ہے۔ ہم کس طرح ان صورتحال سے باہر نکل سکتے ہیں اور امن قائم ہوسکتا ہے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ جب تک خدا تعالیٰ کے پیغام کو نہیں سمجھتے اس وقت تک یہی بے چینی ہی رہے گی۔

حضور انور نے فرمایا جس حد تک ہم دعوت الی اللہ کر سکتے ہیں کر رہے ہیں۔ پیغام پہنچا رہے ہیں۔ MTA کے ذریعہ بھی پروگرام جاری ہیں اور عرب ممالک میں پیغام پہنچ رہا ہے اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے بیعتیں بھی ہو رہی ہیں۔

حضور انور نے فرمایا آپ بھی دعا کریں میں بھی دعا کر رہا ہوں اور باقی سب احباب بھی دعا کریں۔ انشاء اللہ العزیز ایک دن یہ سب احمدیت میں داخل ہوں گے اور یہ سب تکالیف دور ہوں گی۔

حضور انور نے فرمایا ایک اور امتیازی پہلو اہل حق کا ایک ہونا ضروری ہے۔ جب تک یہ ایک ہاتھ پر اکٹھے نہ ہوں اور باہمی اتحاد نہ ہو اس وقت تک مغربی

طاقتیں ان کو نقصان پہنچاتی رہیں گی۔

الجزائر کے ایک دوست نے سوال کیا کہ میرے بچے ہیں، ان کی تربیت کے سلسلہ میں پریشان ہوں، ان کو دینی تعلیم کس طرح دوں، آجکل حالات اس طرح کے ہیں کہ ہر طرف خوف ہے۔ میں اپنے بچوں اور گھر کی تربیت کس طرح کروں۔

حضور انور نے فرمایا کہ شروع سے ہی بچوں کی تربیت کی طرف توجہ کرنی چاہئے اور ان کو مناسب لباس کی عادت ڈالنی چاہئے۔ بچوں بچیوں کو سکرٹ وغیرہ پہنا دیتے ہیں۔ اس کی عادت ان کو پڑ جاتی ہے۔ پھر جب بڑے ہوتے ہیں تو ایسے ہی لباس پہننے کو ترجیح دیتے ہیں۔ جس کی عادت ان کو پڑ چکی ہوتی ہے۔ اس لئے جب ان کی عمر 6,5 سال کی ہو اس وقت سے ان کو تعلیم و تربیت کی طرف خاص توجہ دیں۔ ان کو بتائیں کہ دین کیا ہے۔ احمدیت کیا ہے۔ ہماری تعلیمات کیا ہیں۔ ان کو بتایا جائے کہ تم احمدی ہو۔ تمہار اایک مقام ہے تم نے زمانے کے امام کو پہچان لیا ہے اور اس پر ایمان لائے ہو۔ فرمایا بچپن سے بچوں کے کانوں میں ڈالتے رہنا چاہئے۔

حضور انور نے فرمایا MTA دیکھیں یہ بھی تربیت کا ایک ذریعہ ہے۔ جماعت سے، مشن سے، نظام سے اپنا مضبوط تعلق رکھیں۔ خدا تعالیٰ خود حفاظت فرمائے گا حضور انور نے فرمایا۔ بچوں کی تربیت کے لئے اور ان کے نیک بننے کے لئے والدین کو بھی بہت دعائیں کرنی چاہئیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ حدیث میں آتا ہے کہ ہر بچہ نیک فطرت لئے ہوئے پیدا ہوتا ہے۔ اس کے بعد اس کے والدین اس کو یہودی یا نصرانی بناتے ہیں۔ پس اس فطرت کو ابھاریں تا کہ نیکی پر قائم رہیں۔ حضور انور نے فرمایا میں دعا کرتا ہوں اللہ کرے آپ کے بچے بچیاں نیک ہوں اور دین پر قائم رہنے والے ہوں۔

ایک غیر ملکی دوست نے سوال کیا کہ میں نے اپنے بچے کے لئے وقف کی درخواست کی تھی لیکن اس کا ابھی جواب نہیں ملا۔ میں اپنے بچوں اور فیملی کے لئے دعا کی درخواست کرتا ہوں۔ خدا تعالیٰ میرے بچوں کو نیک بنائے۔

حضور انور نے فرمایا آپ اپنے بیٹے کی تعلیم و تربیت کریں۔ ہم آپ سے لے لیں گے جس طرح تحفے سجا کر پیش کئے جاتے ہیں۔ آپ نے جب اپنے بیٹے کو پیش کرنا ہو تو اس کی نیک تربیت کے ساتھ سجا کر پیش کریں۔

خواتین کی طرف سے ایک بچی نے سوال کیا کہ میں سٹوڈنٹ ہوں لندن جلسہ پر گئی تھی۔ مجھے لندن جلسہ پر جانے کا دعوت نامہ ملا تھا۔ اس کا شکریہ ادا کرتی ہوں اور حضور انور کی خدمت میں ملاقات کی درخواست کرتی ہوں۔

حضور انور نے دریافت فرمایا کیا مجھ سے پہلے ملی ہو۔ بچی نے بتایا کہ ابھی ملاقات نہیں ہوئی۔ حضور انور نے فرمایا کل ملاقات کے لئے وقت لے لیں۔

ملک نائیجر کی ایک خاتون نے بتایا کہ میں نے بیعت کی ہے اور جماعت میں داخل ہوئی ہوں۔ میں نے حضور کے لئے بھی دعا کی ہے اور جماعت کے لئے بھی دعا کرتی ہوں۔

ملک سینیگال سے تعلق رکھنے والے ایک دوست نے بتایا کہ چار سال سے احمدی ہوں۔ میں نے اس سے پہلے حضور انور کو اپنی آنکھوں سے نہیں دیکھا تھا۔ صرف تصویر میں ہی دیکھا تھا۔ میں حضور انور سے مصافحہ کرنا چاہتا ہوں۔ میری مشکلات دور ہونے کے لئے بھی دعا کریں اور میرے بچوں کے لئے بھی دعا کریں۔

حضور انور نے فرمایا اللہ فضل فرمائے۔ فرمایا اس پروگرام کے آخر پر سب سے مصافحہ ہو جائے گا۔

ملک مالی (Mali) سے تعلق رکھنے والی ایک خاتون نے عرض کیا کہ میں حضور انور کی خدمت میں اپنے لئے اور اپنی فیملی کے لئے دعا کی درخواست کرتی ہیں۔ اپنے میاں کے لئے خاص دعا کی درخواست کرتی ہوں وہ صبح کی نماز کے لئے اٹھتا نہیں ہے۔ اس کے لئے دعا کریں کہ وہ باقاعدہ نماز پڑھا کرے۔

حضور انور نے فرمایا آپ کے خاوند نے آپ کی بات سن لی ہے وہ انشاء اللہ اس پر عمل کریں گے۔ اس کا اثر ان پر ہوگا۔ سب لوگوں کے سامنے اس کا ذکر نہیں کروں گا۔

ایک خاتون ممبر نے سوال کیا کہ کہا جاتا ہے کہ نپولین 1897ء میں مسلمان ہوا تھا۔ کیا حضور اس بارہ میں کنفرمیشن دے سکتے ہیں۔

حضور انور نے فرمایا میں نے بھی سنا ہی ہے لیکن صحیح طور پر علم نہیں کہ یہ بات درست ہے یا غلط! لیکن حقیقت نہیں لگتی۔

ایک شخص نے سوال کیا کہ حضور جب خلیفہ بنے تو آپ نے کیا محسوس کیا؟ حضور انور نے فرمایا کہ محسوس یہ ہوا کہ مجھ پر بہت بڑی ذمہ داری پڑ گئی ہے اور میں پریشان ہو گیا۔ جنہوں نے دیکھا ہے وہ بتا سکتے ہیں کہ میری کیا کیفیت تھی۔ سوال کرنے والے دوست نے کہا کہ میں حضور کے لئے دعا کرتا ہوں۔

نو بجکر دس منٹ پر یہ مجلس اپنے اختتام کو پہنچی۔ اس کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مختلف اقوام سے تعلق رکھنے والے ان تمام احمدی احباب کو شرف مصافحہ سے نوازا اور بچوں کو چاکلیٹ عطا فرمائے۔

یہ فدائی لوگ حضور انور کو گلے ملے، حضور انور کے ہاتھ پر بوسہ دیتے، ہاتھوں کو چومتے، اپنے چہروں پر رگڑتے، حضور انور کی گردن اور پیشانی کو بوسہ دیتے اور برکتیں لوٹتے اور دعائیں دیتے اور دعاؤں کے خزانے لئے ہوئے رخصت ہوتے۔ حضور انور بچوں سے پیار کرتے اور انہیں دعائیں دیتے۔

یہ لوگ جو مختلف اقوام سے تعلق رکھتے تھے، ان میں مراکش، الجزائر، تیونس اور جزائر کموروز اور Martinique کے باشندے بھی تھے۔ سینیگال، مالی، آئیوری کوسٹ، نائیجر، ماریشس، سیریا اور کانگو اور ٹوگو کے ممالک کے لوگ بھی تھے۔ پھر البانیا، فرانس، ری یونین آئی لینڈ، گوادے لوپ مڈگاسکر، پیرو سے تعلق رکھنے والے احمدی احباب بھی تھے۔

یہ تمام قومیں ایک ہی وحدت کی لڑی میں پروئی ہوئی تھیں اور ایک ہی چشمہ سے سیراب ہو رہی تھیں اور مختلف رنگ و نسل کے یہ سبھی پروانے اپنی ایک ہی شمع کے گرد جمع تھے اور اس پر فدا ہو رہے تھے۔ ہر ایک کی محبت، عقیدت کا اپنا اپنا رنگ تھا۔ جو ان کے چہروں سے عیاں تھے۔ یہ لوگ اپنے پیارے آقا کے مبارک وجود سے بے انتہا برکتیں پا کر خوشی و مسرت سے معمور تھے اور فدا ہوئے جاتے تھے۔

مرد احباب سے ملاقات کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خواتین کی طرف تشریف لے گئے جہاں خواتین نے شرف زیارت حاصل کیا اور دعائیں لیں۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے بچیوں کو چاکلیٹ عطا فرمائیں۔

بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

آج فرانس کے ایک بڑے نیشنل اخبار Le Parisien کے سب سے بڑے جرنلسٹ Mr. Arnaud Baur مشن ہاؤس آئے اور حضور انور کی آمد اور بیت کے افتتاح کے تعلق میں مربی سلسلہ فرانس اور پریس سیکرٹری صاحب سے انٹرویو کئے اور معلومات حاصل کیں۔

☆☆☆☆۔☆☆

غزل

اتنی مجبوریوں کے موسم میں — جشن برپا ہے دیدۂ نم میں

منسلک بھی ہیں رشتۂ غم میں — فاصلے بھی ہیں کس قدر ہم میں

آسمان اور زمین کا ہے فرق — درد میں اور دردِ پیہم میں

ہجر کی شب ہی وصل کی شب ہے — یعنی رمضان ہے محرم میں

ایک ترتیب ہے پس پردہ — پیچ در پیچ زلفِ برہم میں

رنگ و بو اور دل کشی کے سوا — پھول کا خون بھی ہے شبنم میں

دمِ عیسیٰ ہے معجزہ کس کا — کس کی پاکیزگی ہے مریم میں

